لاہور قلندرز نے پشاور زلمی کو 29 رنز سے ہرادیا

کراچی، 2 فروری 2022ء:

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کے نویں میچ میں لاہور قلندرز نے پشاور زلمی کو 29 رنز سے ہرادیا۔ فاتح ٹیم کے اوپنر فخر زمان نے ایونٹ میں مسلسل تیسری نصف سنچری بناکر جیت میں اہم کردار ادا کیا۔

لاہور قلندرز کی یہ ایونٹ میں تیسرے میچ میں دوسری کامیابی ہے۔

200 رنز کے تعاقب میں پشاور زلمی کی ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 170 رنز ہی بناسکی۔ اننگز کے پہلے اوور کی تیسری گیند پر شاہین شاہ آفریدی کا شکار بننے والے اوپنر حضرت اللہ ززائی کے پویلین واپس لوٹنے پر وکٹ کیپر بیٹر کامران اکمل نے حسین طلعت کے ہمراہ 62 رنز کی شراکت قائم کرکے پشاور زلمی کو سہارادینے کی کوشش کی تاہم وہ بھی 41 کے انفرادی اسکور پر پویلین واپس لوٹ گئے۔ 24 گیندوں پر مشتمل ان کی اننگز میں 4 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔

حسین طلعت 15 اسکور پر آؤٹ ہوئے تاہم اس موقع پر پشاور زلمی کی کمان حیدر علی نے سنبھال لی تھی۔ انہوں نے 144 کے اسٹرائیک ریٹ سے رنز بنانے کی رفتار جاری رکھی مگر انہیں کریز کے دوسرے اینڈ سے خاطر خواہ اسپورٹ نہ مل سکی۔

نوجوان بیٹر 3 چھکوں اور 3 چوکوں کی بدولت 49 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ ایک اسکور کی کمی سے اپنی نصف سنچری مکمل نہ کرنے والے حیدر علی کے پویلین واپس لوٹتے ہی پشاور زلمی کی تمام تر امیدیں بھی دم توڑ گئی اور پوری ٹیم مقررہ بیس اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 170 رنز ہی بنا سکی۔

اس دوران شیرفین ردر فورڈ 21، بین کٹنگ 10، شعیب ملک 7 جبکہ آرش علی خان اور وہاب ریاض کھاتہ کھولے بغیر پویلین واپس لوٹے۔ زمان خان نے تین جبکہ شاہین شاہ آفریدی اور ڈیوڈ ویزے نے دو دو کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پشاور زلمی کی دعوت پر لاہور قلندرز نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ بیس اوورز میں 4 وکٹوں کے نقصان پر 199 رنز بنائے تھے۔ اوپنر فخر زمان نے عبداللہ شفیق کے ہمراہ کریز سنبھالتے ہی جارحانہ انداز اپنایا اور 94 رنز کی ابتدائی شراکت قائم کرکے لاہور قلندرز کو میچ میں مستحکم آغاز فراہم کیا۔

فخر زمان نے 38 گیندوں پر 6 چوکوں اور 3 چھکوں کی بدولت 66 رنز کی اننگز کھیلی. عبداللہ شفیق نے 3 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 41 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

دونوں اوپنرز کے پویلین لوٹنے پر تجربہ کار بیٹر محمد حفیظ نے 19 گیندوں پر 194 کے اسٹرائیک ریٹ سے ناقابل شکست 37 اور کامران غلام نے 30 رنز بنا کر اسکور بورڈ کو چلانے کا سلسلہ آگے بڑھایا۔ آخر میں راشد خان نے 8 گیندوں پر تین چھکوں کی مدد سے ناٹ آؤٹ 22 رنز بنا کر اسکور 199 تک پہنچا دیا۔

سلمان ارشاد نے دو جبکہ حسین طلعت اور عثمان قادر نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4